Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۹ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء

غیر معمولی گزٹ

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مورخہ ۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء

۲۸ جنوری ۱۹۳۶ء کو جنازہ ملک معظم جارج پنجم آنجہانی کا اٹھایا جائے گا۔ باظہار ماتم و تعزیت۔

اس تاریخ تمام دفاتر و مدارس بند رہیں گے۔

(۲) اکتیس ضرب توپ سلامی ماتمی (منٹ گن) توپ خانہ سے اس انتظام سے سر ہوں گی کہ آخری فیر توپ کا غروب آفتاب کے وقت ہو۔

(۳) طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کوئی برات۔ باجہ۔ اور جلوس کے ہمراہ شہر میں نہ نکالی جاوے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آج ہی غیر معمولی گزٹ شائع کیا جائے۔

بائی آرڈر

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت ... دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۷ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق یکم فروری سنہ ۱۹۳۶ء

حصہ اول

حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری تجویز اسٹیٹ کونسل بابت وصول مطالبہ تاجری از ملازمان۔

آرڈرہائے اسٹیٹ کونسل رامپور

(۲)	تصحیح آرڈر ان کونسل مورخہ ۲۳ دسمبر ۱۹۳۵ء بابت تحصیل جگر پیدا شدہ ریاست)

مطبوعہ عالیجاہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم

واقع ۱۹ جنوری ۱۹۳۶ء

تجویز معروضہ عرضداشت منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — جناب عالی! — میرساند

بتعمیل حکم ہمایوں مرقومہ ۱۸ جنوری ۱۹۳۶ء اسٹیٹ کونسل کے غیرمعمولی جلسہ منعقدہ ۱۹ جنوری ۱۹۳۶ء میں ملازمان سے وصول مطالبہ مستاجری کے مسئلہ پر غور ہو کر تجویز مفصلہ ذیل سے کلیۃً اتفاق ہوا۔ کہ:-

تمام صاحبان کو جن کے ذمہ بقایا مالگذاری منسلکہ فہرست مشمولہ ہے اطلاع دی جائے کہ وہ ۱۵ فروری ۱۹۳۶ء تک کل رقم مطالبہ ادا کرکے رسید باقی عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے دفتر میں داخل کردیں۔ ورنہ یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے ان کی تنخواہ یا پنشن کا ایک ثلث اور طلبات مال کی پوری رقم تا بیباقی مطالبہ وضع ہوتی رہے گی۔

جن اشخاص کے ذمہ فہرست مشمولہ میں رقم بقایا ظاہر کی گئی ہے۔ ان کی توجہ اس امر کی طرف بھی مبذول کرائی جاتی ہے کہ عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو ضمانت مذکورہ بالا کے وصول یابی کے متعلق دیگر وسائل عمل میں لانے کا اختیار حاصل ہے۔ جنہیں وہ ان لوگوں کے برخلاف استعمال کریں گے۔ جن کے پاس تنخواہ کے علاوہ دیگر ذرائع دوسال سے کم رقمِ بقایا کی بسہولت ادائگی کے لئے موجود ہوں۔

کونسل کی متفقہ رپورٹ بغرض ملاحظہ ہمایوں بذریعہ عرضداشت حضور معلی میں پیش ہے۔

ترقی خواہ ستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم عطا شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حدادب۔ دولت و اقبال جاوداں۔

تحریر ۱۹ جنوری ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام حسب ذیل جاری ہوں

جملہ مستاجران مندرجہ فہرست کو باجرائے نقول اداء رقم بقایا کے متعلق اطلاع دیجائے۔

ایک نقل حکم ہمایوں کی مع نقل عرضداشت درج گزٹ کیجائے اصل کاغذات بعد اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔

۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

از دفتر اسٹیٹ کونسل :- مورخہ ۔ جنوری ۱۹۳۶ء

قبل ازیں بموجب آرڈر ان کونسل مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۳۵ء
اسٹیٹ کونسل کے اجلاس غیر معمولی منعقدہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۶ء میں
محصول چنگی پیدا شدہ ریاست برائے سہ سالہ ...
کے پانچ گھاٹوں پر بدوں شرط معاف ہو چکا ہے ۔ ...
آرڈر کا فقرہ "معافی محصول سے جس قدر کمی آمدنی ریاست
پیدا ہوگی وہ ڈیولپمنٹ فنڈ سے ادا کیجائیگی" حذف کیا جاتا

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام تصحیح جاری ہوں ایک نقل ...
گزٹ ہو ۔ روئداد میں تصحیح کیجائے